© rasailojaraid.com



# تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : تعمیر سیرت وکردار

مصنف : انجینئر مختار حسین فاروقی

ضخامت : ۳۲۰صفحات قیمت: ۴۵۰ روپے

ناشر: قرآن اکیڈمی' لالہ زار کالونی نمبر۲' ٹوبہ روڈ' جھنگ صدر

انجینئر مختار فاروقی' صاحب علم وعمل شخصیت ہیں۔ وہ اچھے ادیب اور خطیب ہیں۔ ایک مؤقر ماہنامہ ''حکمت بالغہ'' کے مدیر ہیں' جس میں اعلیٰ علمی سطح کے فکر انگیز مضامین شائع ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ کئی وقیع کتابوں کے مصنف ہیں۔

زیرتبصرہ کتاب سیرت وکردار کی اہمیت پر مبنی ہے۔ یہ پندرہ ابواب پر مشتمل ہے۔ اسلام ایک مکمل دین ہے' یعنی ہر شعبۂ زندگی کے متعلق جامع معلومات فراہم کرتا ہے۔ مصنف نے کوشش کی ہے کہ مختلف عنوانات کے تحت مضامین کو یکجا کر دیا جائے تاکہ زندگی کے کئی اہم گوشوں کی اہمیت واضح ہو جائے۔ اس کتاب کے مضامین میں کچھ وہ تحریریں ہیں جو مصنف نے ''حکمت بالغہ'' میں شائع کیں اور کچھ ان کے خطابات ہیں جو مختلف مواقع پر کیے گئے۔ سیرت وکردار کی تعمیر کے لیے وہ حواسِ خمسہ کی بیداری اور اعضاء و جوارح کے صحیح استعمال کو بڑی اہمیت دیتے ہیں۔ ان کے نزدیک وہ انسان حیوانی سطح پر زندگی گزارتا ہے جو ماحول پر غور وفکر نہیں کرتا بلکہ اس کی دلچسپی صرف کھانے کمانے تک محدود ہوتی ہے۔ اس طرح وہ انسانیت کی عظمت سے غافل ہے۔

مسلم معاشرے میں عورتوں کے کردار کی اہمیت کو بھی واضح کیا ہے۔ اور مسلمان عورت کے لیے ازواج النبی ﷺ کو اُسوۂ حسنہ قرار دیا ہے۔ یہ عورتیں ہی ہیں جو مردوں کو سازگار ماحول مہیا کرتی ہیں اور وہ کردار کے اعلیٰ نمونے پیش کر سکتے ہیں۔ اگر عورت اچھے کاموں میں مرد کا ساتھ نہ دے تو باصلاحیت ہونے کے باوجود مرد پسماندگی کا شکار ہو جاتا ہے۔

مصنف نے اپنے مضامین میں جا بجا فارسی اشعارquot کر کے بات کو واضح تر کر دیا ہے۔ مختصراً یہ کتاب اس قابل ہے کہ اس سے وسیع پیمانے پر فائدہ اٹھایا جائے۔ اس کے مدلل اور جامع مباحث سیرت وکردار کی تعمیر میں قاری کے ممد ومعاون ہوں گے۔

© rasailojaraid.com



© rasailojaraid.com